© rasailojaraid.com

## اخبار مرکزی دفتر وفاق

☆ وفاق المدارس کے سالانہ امتحان 1436ھ کے 12611 پرچہ جات پرنظر ثانی دو مراحل میں مکمل کی گئی۔ بعد از نظر ثانی صوبائی سطح پر چند نئے طلبہ نے پوزیشنیں حاصل کی ہیں۔ تفصیل درج ذیل ہے۔

عالمیہ سال دوم بنین پنجاب میں محمد تنویر الطاف رقم الجلوس 22 جامعۃ العلوم الاسلامیہ الفریدیہ اسلام آباد نے 511 نمبروں کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔ عالمیہ سال دوم بنین خیبر پختونخوا میں سید طاہر شاہ رقم الجلوس 1255 دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک نوشہرہ نے 509 نمبروں کے ساتھ دوسری پوزیشن حاصل کی۔ عالمیہ سال اول بنین خیبر پختونخوا میں فضل الرحمٰن ہاشمی رقم الجلوس 1617 جامعہ اسلامیہ دار العلوم سرحد پشاور نے 548 نمبروں کے ساتھ دوسری پوزیشن حاصل کی۔ عالمیہ سال اول بنین بلوچستان میں شمس الحق رقم الجلوس 553 دار العلوم چمن قلعہ عبداللہ نے 511 نمبروں کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔ ثانویہ خاصہ بنین پنجاب میں عبید الرحمٰن خان رقم الجلوس 12551 جامعہ خیر المدارس ملتان نے 571 نمبروں کے ساتھ دوسری پوزیشن حاصل کی ہے۔

### الحاق فیس، سالانہ فیس وثنیٰ اسناد کی فیس میں اضافہ

مجلس عاملہ وشوریٰ کے فیصلے کے مطابق الحاق فیس، سالانہ فیس وثنیٰ اسناد کی فیس میں 30 فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔

یکم محرم الحرام 1437ھ سے فیسوں کی نئی شرح لاگو ہوگی جو کہ درج ذیل ہے۔

الحاق فیس کی نئی شرح:

| نمبر شمار | درجہ الحاق | الحاق فیس | سالانہ فیس | ماہنامہ فیس | کل رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | تحفیظ، تجوید، ابتدائیہ، متوسطہ | 1300 | 650 | 360 | 2310 |
| 2 | ثانویہ | 1560 | 1040 | 360 | 2960 |
| 3 | عالیہ | 2600 | 1950 | 360 | 4910 |
| 4 | عالمیہ | 3250 | 2600 | 360 | 6210 |

ترقی الحاق فیس کی نئی شرح:

| نمبر شمار | درجہ ترقی الحاق | ترقی الحاق فیس | سالانہ فیس | ماہنامہ فیس | کل رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | تحفیظ سے ثانویہ | 260 | 1040 | 360 | 1660 |
| 2 | ثانویہ سے عالیہ | 1040 | 1950 | 360 | 3350 |
| 3 | عالیہ سے عالمیہ | 650 | 2600 | 360 | 3610 |

تجدید الحاق فیس: 500 روپے ماہنامہ وفاق فی پرچہ قیمت 30 روپے اور زر سالانہ 360 روپے۔

ثنیٰ اسناد کی فیس: درجہ حفظ: 400 متوسطہ: 400 عامہ: 400 خاصہ 650 عالیہ: 650 عالمیہ: 900 روپے

درجہ اولیٰ کی رجسٹریشن یکم سے 30 صفر المظفر تک 130 روپے، 30 ربیع الثانی تک 260 روپے اور یکم جمادی الاولیٰ سے 30 ذوالحجہ تک 390 روپے ہے۔ جبکہ ثنیٰ رجسٹریشن کارڈ درجہ اولیٰ کی فیس 400 روپے ہے۔

© rasailojaraid.com